سوال

(162)تراویح میں قرآن مجید ختم کرتے وقت اکثر حافظ تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تراویح میں قرآن مجید ختم کرتے وقت اکثر حافظ تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھتے ہیں اور انیسیں رکعت میں سورہ ناس تک ختم کرکے بیسویں رکعت میں پھر قرآن مجید الم سے شروع کرکے مفلحون تک پڑھتے ہیں کیا یہ صحیح ہے۔؟)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح حدیث سے تراویح بیس رکعت پڑھنے کا ثبوت نہیں ہے اور نہ 19 ویں اور 20 ویں رکعت میں اس طرح سے سورہ اخلاص وغیرہ پڑھنے کا ثبوت ملتا ہے البتہ ترمذی شریف کی اس روایت سے بعض لوگوں نے اس پر استدلال کیا ہے۔ جو صحیح نہیں ہے۔ حدیث

(اخبار اہل حدیث دہلی جلد 3 شمارہ 17)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 14 ص 145